کتاب کے مضامین کو گیارہ حصوں میں تقسیم کیا ہے اور درج ذیل موضوعات کا' بالترتیب' احاطہ کیا ہے:

(۱) رمضان اور روزہ کے فضائل' فوائد اور دیگر معلومات' (۲) روزہ کے مسائل' (۳) سحری کے احکام' (۴) افطاری کے احکام' (۵) نماز تراویح کے فضائل اور تعداد رکعات' (۶) رویت ہلال کے احکام' (۷) لیلتہ القدر کا تعارف اور اس کی فضیلت' (۸) اعتکاف کے مسائل' (۹) نفلی روزوں کی تفصیلات اور احکام' (۱۰) مکروہ اور حرام چیزوں کا بیان' (۱۱) عید الفطر اور صدقہ الفطر کے احکام و مسائل۔

کتاب خوبصورت جلد اور کمپیوٹر کمپوزنگ کے ساتھ. عمدہ سفید کاغذ پر چھپی ہے اور طباعت کا معیار بھی اعلیٰ ہے۔ جدید تعلیم یافتہ لوگوں اور عوام الناس کے لیے اس کتاب کا مطالعہ بہت مفید ہے۔

حیات امام اعظم ابو حنیفہؒ

مصنف: مولانا محمد اجمل خان' کتابت و طباعت عمدہ' صفحات: ۲۷۰' قیمت: ۶۰ روپے' ناشر مکتبہ اشاعت اسلام' لاہور۔

امام ابوحنیفہ رحمتہ اللہ علیہ دنیائے فقہ و اجتہاد کی وہ عظیم المرتبت شخصیت ہیں کہ جن کی علمی خدمات اور فقہ و بصیرت کا اعتراف آپ کے معاصرین سے لے کر آج تک کے اکابر اہل علم نے ہمیشہ کیا ہے۔ مسلک و مشرب کا اختلاف رکھنے والے فقہا اور اہل علم نے بھی علم دین اور تقویٰ میں امام صاحب کے غیر معمولی مقام و مرتبہ کو تسلیم کیا ہے۔ ائمہ مجتہدین میں سے امام شافعی رحمہ اللہ کا یہ قول مشہور ہے کہ: **الناس فی الفقہ عیال علی ابی حنیفہؒ**

بدقسمتی سے' گزشتہ صدی کے دوران میں ہمارے اس برصغیر میں کچھ لوگ ایسے نمودار ہوئے جنھوں نے فقہ' بالخصوص فقہ حنفی اور امام اعظم رحمہ اللہ کی ذات گرامی کو طعن و تشنیع اور گستاخانہ اعتراضات کا ہدف بنایا اور عوام الناس میں یہ ذہنیت پیدا کرنے کی کوشش